سوال

(195)وہابی نبی ﷺ کی شفاعت کے منکر نہیں ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

وہابی رسول اللہ ﷺ کی شفاعت کے منکر ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہر اس عقل مند انسان سے یہ بات مخفی ہوگی ؛جس نے امام شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے پیروکاروں کی سیرتوں کا مطالعہ کیا ہوگا کہ وہ اس قول سے بری ہیں کیونکہ حضرت الامام رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتابوں خصوصا ''کتاب التوحید ''اور کشف الشبہات '' میں لکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت فرمائیں گے اس سے معلوم ہوا کہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے پیروکار نبی ﷺ کی شفاعت کے منکر نہیں بلکہ وہ دیگر انبیاء ملائکہ اور مومنوں کی شفاعت کو بھی مانتے ہیں جس طرح اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ ﷺ نے اس کا ذکر فرمایا ہے کتاب وسنت کے دلائل کے پیش نظر سلف صالح کا بھی یہی مسلک تھا اس سے یہ واضح ہوا کہ شیخ اور ان کے پیروکاروں کے حوالہ سے جو یہ پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی شفاعت کے منکر ہیں یہ سب سے بڑی باطل اور اللہ تعالیٰ کے راستہ سے روکنے والی بات ہے اور داعیان دین پر سراسر ایک جھوٹا الزام ہاں البتہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے پیروکاروں نے اس بات کا انکار کیا ہے کہ فوت شدہ گان وغیرہ سے شفاعت طلب کی جائے ہم اپنے لئے بھی اور تمہارے لئے بھی اللہ تعالیٰ سے ہر چیز سے عافیت وسلامتی چاہتے ہیں جو اسے ناراض کرنے والی ہو۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص38